پہلا سمسٹر I Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular	دسمبر 2023

پرچہ : متعلم اور آموزش کی نفسیات

Paper - B9ED102CCT : Psychological of Learner and Learning

جملہ نشانات : **70** Maximum. Marks — Time : وقت : **3** Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) محاسبہ (Introspection) طریقے کار میں ہم:

(a) ایک گروپ کا محاسبہ کرتے ہیں　(b) کسی ایک فرد کا محاسبہ کرتے ہیں

(c) خود کا محاسبہ کرتے ہیں　(d) کمرۂ جماعت کے ایک طالب علم کا محاسبہ کرتے ہیں

(ii) ایک معلم کے لیے تعلیمی نفسیات کا مطالعہ ضروری ہے تاکہ وہ.........................۔

(a) طلبہ کو سیکھنے کے لیے متحرک کر سکے　(b) طلبہ کے طرزِ عمل میں تبدیلی لاتے ہوئے شخصیت کی ہمہ جہت نشوونما کر سکے

(c) طلبہ کو وقت پر تقویت دے سکے　(d) کمرۂ جماعت میں نظم وضبط قائم رکھ سکے

(iii) درج ذیل میں بالیدگی اور نشوونما (Growth and Development) کو متاثر کرنے والا عناصر نہیں ہے۔

(a) توارث (Heredity)　(b) ماحول (Environment)　(c) غذا (Nutrition)　(d) معلم کا طرزِ عمل

(iv) درج ذیل میں کون سا Gestalt Psychologist نہیں ہے؟

(a) Pavlov　(b) Wertheimer　(c) Koffka　(d) Kohler

(v) کوہلبرگ کے مطابق اخلاقی نشوونما کے کتنے مراحل ہیں؟

(a) 8 مراحل　(b) 6 مراحل　(c) 10 مراحل　(d) 9 مراحل

(vi) فرائیڈ (Freud) کے نظریہ نفسیاتی ڈھانچے (Psychic Structures) کے مطابق انسان کے ذہن کے تین پہلو ہوتے ہیں؟ درج ذیل میں سے کون سا پہلو نہیں ہے؟

(a) ایڈ Id　(b) Ego　(c) غصہ (Anger)　(d) Super Ego

(vii) Pearson اور Galton کے مطابق انفرادی فرق کو متاثر کرنے کی اہم وجہ ہے۔

(a) ماحول (b) توارث (c) قومیت (d) تعلیم اور معاشی حالت

(viii) اندرون انفرادی فرق (Intra Individual Differences) کسے کہتے ہیں؟

(a) وہ انفرادی فرق جو گروپ میں دیکھے جاتے ہیں (b) وہ انفرادی فرق جو دو طلبہ کے درمیان دیکھے جاتے ہیں

(c) وہ انفرادی فرق جو دو مختلف عمر کے طلبہ میں دیکھے جاتے ہیں (d) وہ انفرادی فرق جو ایک ہی طالب علم کے اندر دیکھے جاتے ہیں

(ix) Gestalt School نے ایک سائنٹفک طریقہ تدریس (Problem Solving) دیا ہے جو کہ مبنی .... ہے۔

(a) سیکھنے کے تجرباتی عمل پر (b) سیکھنے کے ماحولیاتی عمل پر (c) سیکھنے کے ذہنی عمل پر (d) سیکھنے کے توارثی عمل پر

(x) Skinner نے اپنا تجربہ کس جانور پر کیا؟

(a) چوہا (Rat) (b) بندر (Monkey) (c) بلی (Cat) (d) چمپنزی (Chimpanzee)

حصہ دوم

2. محاسبہ طریقے کار (Introspection Method) کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے اس کی خوبیوں کو واضح کیجیے۔

3. تعلیمی نفسیات کے مفہوم کو تعریفات کی مدد سے واضح کیجیے۔

4. بالیدگی اور نشو ونما (Growth and Development) کا مطالعہ ایک معلم کے لیے کیوں ضروری ہے؟

5. اریکسن (Erikson) کے نفسی۔سماجی مراحل کون کون سے ہیں؟ کسی ایک مرحلہ کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

6. باہمی انفرادی فرق (Inter Individual Differences) کو مثالوں کے ذریعہ واضح کیجیے۔

7. رویہ پیمانہ (Attitude Scale) کسے کہتے ہیں؟ اس کے اقسام بتاتے ہوئے کسی ایک قسم کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

8. سیکھنے کے عمل کو متاثر کرنے والے نفسیاتی (Psychological) عناصر کون کون سے ہیں؟ کن ہی دو عناصر کو مختصراً لکھیے۔

9. بھولنے کے وجوہات (Causes of Forgetting) مختصراً بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10. علم نفسیات میں تجرباتی طریقہ (Experimental Method) کے مختلف مراحل واضح کرتے ہوئے اس کی خوبیاں اور خامیاں بیان کیجیے۔

11. بالیدگی اور نشو ونما کے اصول بیان کیجیے۔ بالیدگی اور نشو ونما کو متاثر کرنے والے مختلف عوامل کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

12. شخصیت (Personality) کے تصور اور فطرت کو بیان کرتے ہوئے Trait Theory پر مفصل گفتگو کیجیے۔

13. Bandura کے سماجی اکتساب کا نظریہ (Social Learning Theory) بیان کرتے ہوئے اس کے تعلیمی مضمرات پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

14. شخصیت کی جانچ کے مختلف طریقہ کار کون کون سے ہیں۔ کن ہی دو Non-Projective طریقہ کار کو مفصل بیان کیجیے۔

☆☆☆